حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(۱) بودوباش کے معنیٰ ہیں ________

(الف) لکھنا پڑھنا (ب) کھانا پینا (ج) رہنا سہنا (د) گھومنا پھرنا

(۲) ''وہ کتاب پڑھ چکا تھا'' کا زمانہ حال ہوگا۔

(الف) وہ کتاب پڑھے گا (ب) اس نے کتاب پڑھی (ج) وہ کتاب پڑھ چکا (د) وہ کتاب پڑھتا ہے

(۳) ''مسجد کی طرف دیکھو'' فعل امر کا جملہ ہے اس کا فعل نہی ہوگا۔

(الف) مسجد کی طرف دیکھنا (ب) مسجد کی طرف نہ دیکھو

(ج) مسجد کی طرف کیوں دیکھا (د) مسجد کی طرف کیوں نہ دیکھا

(۴) مرزا غالب ________ شہر میں پیدا ہوئے۔

(الف) دلی (ب) لکھنو (ج) آگرہ (د) کلکتہ

eduvision.edu.pk

(۵) کم آمیز کے معنیٰ ہیں __________۔

(الف) کم سننے والا (ب) کم بولنے والا (ج) کم ملنے والا (د) کم تولنے والا

(۶) __________ کو بابائے اردو کہا جاتا ہے۔

(الف) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان (ب) مولوی عبدالحق (ج) حفیظ جالندھری (د) علامہ شبلی نعمانی

(۷) خواجہ حسن نظامی کا خط __________ کے نام ہے۔

(الف) بیٹی (ب) بیٹے (ج) دوست (د) شاگرد

(۸) پہلی جنگ عظیم سے پہلے لیبیا میں __________ کی حکومت تھی۔

(الف) فرانس (ب) برطانیہ (ج) ترکی (د) ایران

(۹) جمن کو __________ نے غلط رسموں سے نجات دلائی۔

(الف) مولوی صاحب (ب) ماسٹر صاحب (ج) ڈاکٹر صاحب (د) چوہدری صاحب

(۱۰) رباعی میں __________ مصرعے ہوتے ہیں۔

(الف) تین (ب) پانچ (ج) چھ (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۱) لڑائی کے زمانے میں آبدوز کشتی عموماً __________ کے وقت سطح سمندر پر ابھرتی ہے۔

(الف) صبح (ب) دوپہر (ج) رات (د) شام

(۱۲) زمین سے آسمان تک اسی ایک کی __________ ہے۔

(الف) حکومت (ب) بادشاہت (ج) سلطنت (د) طاقت

(۱۳) زندہ قومیں اپنے __________ سے رشتہ نہیں توڑتیں۔

(الف) حال (ب) شہیدوں (ج) سلطنت (د) ماضی

(۱۴) عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ بننے سے پہلے بڑی __________ زندگی گزارتے تھے۔

(الف) عالیشان (ب) شاہانہ (ج) سادہ (د) فقیرانہ

(۱۵) ابن مریم سے __________ مراد ہے؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام

(ج) حضرت آدم علیہ السلام (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ ہم اپنے قومی دن جوش و خروش سے کیوں مناتے ہیں؟

سوال ۳۔ تعصب کے کیا نقصانات ہیں؟

سوال ۴۔ محمد کامل کی ماں کس وجہ سے پریشان تھی؟

سوال ۵۔ مصنف نے قائداعظم کا آخری دیدار کس طرح کیا؟

سوال ۶۔ جرمن سیاح جو بندر لایا تھا اس میں کیا خصوصیت تھی؟

eduvision.edu.pk

سوال ۷۔ تحریک پاکستان میں شہید ملت کی کیا اہم خدمات ہیں؟
سوال ۸۔ شیخ نیازی کو کس بات کا بہت شوق تھا؟
سوال ۹۔ انسان اپنی مشکلات کس طرح آسان کرسکتا ہے؟
سوال ۱۰۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد جمع لکھئے۔
فتح خطا ذرائع قبائل
سوال ۱۱۔ مندرجہ ذیل کے ساتھ لا۔ نا۔ بے اور غیر لگا کر الفاظ بنائیے۔
محدود مراد حد حاضر
سوال ۱۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد بنائیے۔
روشنی کمزور سناٹا عارضی
سوال ۱۳۔ مندرجہ ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔
موت کو ٹالنا ہاتھ تنگ ہونا گردن جھکا دینا مونچھوں پر تاؤ دینا

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔
سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل جز کی تشریح بحوالہ سبق کیجئے۔
''جانتے ہو یہ لڑائیاں، جھگڑے، آخر یہ سب کیوں ہوتے ہیں؟ صرف اس لئے کہ ابھی تک دنیا کے تمام انسان ایک نہیں ہو سکے۔ جب سب ایک ہو جائیں گے تو کوئی جھگڑا نہیں رہے گا۔''
سوال ۱۵۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجئے۔
(الف) مشقت کی ذلت جنہوں نے اٹھائی جہاں میں ملی ان کو آخر بڑائی
چاند بنے گا اک اک ماتھا۔ سورج اک اک سینہ آج سے اک اک لمحہ ہوگا روشنیوں کا زینہ
سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔
جاؤ آج تم سب آزاد ہو وطن کی خاطر
سوال ۱۷۔ ''اتحاد کے فوائد'' یا ''دہشت گردی اور اس کی تباہ کاریاں پر دس جملے لکھئے۔
سوال ۱۸۔ نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔
یا دو دوستوں کے درمیان ''پتنگ بازی'' کے نقصانات پر گفتگو تحریر کیجئے۔

eduvision.edu.pk